نصاب تجوید

ادارہ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی تجوید کمیٹی کا اجلاس مورخہ 20 ربیع الاول 1435ھ مطابق 22 جنوری 2014ء بروز بدھ صبح دس بجے مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان میں منعقد ہوا۔ جس میں نصاب تجوید پر نظر ثانی کی گئی۔ نئے نصاب تجوید للحفاظ میں جامع الوقف، مفتاح القرآن اور سیرت خاتم الانبیاء ختم کر کے علم الصرف کو شامل کیا گیا ہے۔ جبکہ تجوید للعلماء میں صفحات فی علوم القراءات کو ختم کر کے علوم القراءات کے صرف منتخب مضامین کا امتحان ہوگا۔ 1435ھ میں تجوید کا امتحان اسی نصاب کے مطابق ہوگا۔ نیا نصاب تجوید درج ذیل ہے۔

ایک سالہ نصاب تجوید برائے فضلاء وفاق المدارس العربیہ پاکستان

نمبر شمار	کتب
1	معلم التجوید حضرت مولانا قاری محمد شریف صاحب
2	تفہیم الوقوف مولانا قاری محمد اسماعیل صاحب
3	المقدمہ الجزریہ مع تشریحات و حفظ ابیات۔ مقدمہ جزریہ کی تشریح کے لئے (۱) مولانا قاری اظہار احمد تھانوی کی شرح جزری (۲) قاری شریف احمد کی شرح جزری (۳) قاری رحیم بخش صاحب کی العطایا الوھبیہ سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔
4	حدر مکمل قرآن مجید
5	ترتیل پارہ ۲۹، ۳۰ مع حفظ و اجراء قواعد

6	علوم القراءات میں درج ذیل مضامین کا امتحان ہوگا: تعریف القراءات وتاریخھا، ارکان قراءات صحیحہ متواترہ، قراات شاذہ اوران کی حجیت، بحث سبعۃ احرف، رسم المصحف کتب برائے رہنمائی واستفادہ: علوم القرآن (حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی) صفحات فی علوم القراات (دکتور عبدالقیوم بن عبدالغفور سندھی)، دفاع قراءات مولانا قاری محمد طاہر رحیمیؒ

نوٹ:...... تجوید للعلماء کے امتحان میں داخلہ کے لئے ,,وفاق،، کی شہادۃ العالمیہ شرط ہوگی۔ مقدمہ جزریہ۔ حدر یا ترتیل وحفظ کے امتحان میں ناکام طالب علم کو ناکام سمجھا جائے گا۔ ان کو وفاق المدارس کا امتحان تجوید پاس کرنے پر ''شہادۃ التجوید للعلماء'' جاری کی جائے گی۔

دوسالہ نصاب تجوید برائے حفاظ طلبہ تجوید

دوسالہ نصاب تجوید برائے حفاظ کی تکمیل پر ایک ہی امتحان ہوگا۔

نمبرشمار	سال اول	سال دوم
1	خلاصۃ التجوید	فوائد مکیہ، برائے مطالعہ جامع الوقف مع معرفۃ الوقوف (مولانا قاری محبّ الدین احمد لکھنویؒ)
2	جمال القرآن	المقدمۃ الجزریہ مع ترجمہ وحفظ ابیات
3	حدر ابتدائی دس پارے	حدر آخری بیس پارے
4	ترتیل پارہ ۲۹، ۳۰ مع عملی اجراء وقواعد تجوید	ترتیل پارہ ۲۸ مع عملی اجراء وقواعد تجوید
5	علم الصرف حصہ اول	علم الصرف حصہ دوم
6	تعلیم الاسلام دو حصے مع سیرت الرسول	تعلیم الاسلام آخری دو حصے

نوٹ:...... تجوید للحفاظ کے امتحان میں داخلہ کے لئے ,,وفاق،، کی سند حفظ شرط ہوگی۔ مقدمہ جزریہ۔ حدر یا ترتیل کے امتحان میں ناکام طالب علم کو ناکام سمجھا جائے گا۔ حفاظ طلبہ کو وفاق المدارس کا امتحان تجوید پاس کرنے پر ,,شہادۃ التجوید للحفاظ،، جاری کی جائے گی۔

☆......☆......☆